معتبرہ درکار ہین ۔ پس جب حدیث کے راوی معتبر ہون اگرچہ قلیل ہون تو وہ حدیث کثیر الرواۃ
کو معارض ہو سکتی ہے کما مرت القاعدۃ الکلیۃ فی تعریف الحدیث المتواتر وھو ان
ما رواتہ بلغت مبلغا احالت العادۃ تواطئہم علی الکذب ولیس شرطا فیہ عدد کثیر
عند المحققین من اہل الحدیث والفقہ کما لا یخفی علی ماھر فن الحدیث پس عدم رفع
کی حدیث کی اسناد اگرچہ اسکے رجال قلیل ہین عالی ہے ۔ اگر کوئی اس طرح استدلال کرے
کہ واحدی نے وسیط مین اور حاکم نے تفسیر سورہ کوثر مین اس طرح روایت کی ہے عن ابن مقاتل
ابن حبان واصبغ بن بنانہ عن علی انہ لما انزلت ھذہ السورۃ علی رسول اللہ صلعم
فصل لربک وانحر قال رسول اللہ صلعم ما ھذہ النحرۃ التی امرنی بہا ربی قال
جبرئیل انہا لیست بنحرۃ لکنہ یامرک اذا احرمت للصلوۃ ان ترفع یدیک اذا کبرت

واذا رکعت واذا رفعت رأسك الحديث مین کہتا ہون کہ یہہ حدیث بہت منکر ہے
بلکہ موضوع ہے کیونکہ سوق و مدلول آیۃ اسکے برخلاف ہے اور نیز جمہور فقہا و محدثین اس آیۃ
کے نزول مین برخلاف اسکے روایت کرتے ہین اور نیز اس اسناد مین مقاتل ابن حبان
راوی ہے کہ جسکو بعض المحدیث نے کاذب جانکر اُسکی روایت پر اعتماد نہین کیا اور دوسرا
اسمین اصبغ بن بناتہ ہے اور وہ رافضی خبیث متروک الحدیث طبقۂ ثالثہ سے ہے کما مین فی کتب
اسماء الرجال جبکہ رواۃ کا یہہ حال ہے توکس طرح احتجاج واستدلال اسحدیث کے ساتھ جایز ہوا

قولہ وما روی مسلم فی صحیحہ عن جابر بن سمرۃ قال خرج علینا رسول اللہ صلعم

اقول فی العینی شرح الهدایة فانقلت حدیث جابر ابن سمرۃ لا یدل علی ما ادعیتم
لانہ لم یرد لما ذکرتم وانما ورد لمنع الاشارۃ لانہم کانوا یشیرون بایدیهم الی
الجانبین یریدون بذالك السلام علی من علی الجانبین والدلیل علیہ روایۃ مسلم ایضا
عن جابر بن سمرۃ انہ قال کنا اذا صلینا مع رسول اللہ صلعم قلنا السلام علیکم و
رحمۃ اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ واشارہ بیدہ الی الجانبین فقال رسول اللہ صلعم
علی ما تومون بایدیکم کانہا اذناب خیل شمس انما یکفی احدکم ان یضع یدہ علی
فخذہ ثم یسلم علی اخیہ من یمینہ وشمالہ وقال النووی واحتجاجہم بحدیث
جابر ابن سمرۃ من اعظم الاشیاء واقبح انواع الجهالة بالسنة لان الحدیث لم یرد
فی رفع الایدی فی الرکوع والرفع عنہ ولکنہم کانوا یرفعون ایدیہم فی حالة السلام
من الصلوۃ ویشیرون بہا الی الجانبین یریدون بذلك السلام وهذا لا اختلاف
بین اهل الحدیث ومن لہ ادنی اختلاط باهل الحدیث قال ومثلہ عن البخاری قلت
فی الحدیث الاول انکار لرفع الید فی الصلوۃ وامر بالسکون فیہا فکیف یحمل هذا علی الایماء

بالید والاشارۃ بہا بعد السلام۔ کما فی الحدیث الثانی ولیس فیہ ذکر رفع الایدی
ولا الامر بالسکون اذا خرجوا من الصلوۃ بالسلام وحدیث انکار رفع الیدین والامر
بالسکون مقید بداخل الصلوۃ وحدیث انکار الایماء والاشارۃ بالایدی مقید بحال
السلام الذی تخرجوا بہ من الصلوۃ والمقید بقید لا یندرج تحتہ مقید بقید اخر فالحدیث
الثانی غیر الحدیث الاول قطعاً فکیف یجعل ھو فاتحۃ بیان یختلفان فی الحکم الذی
یحمل احدھما علی الاخر بلا دلیل مع انکار اتحادھما فائدتین مستقلتین ھو الذی انے
باعظم الاشیاء واقبح انواع الجہالۃ بالسنۃ انتھی اگر ہم اختلاف حکم سے تنزل کرین
تو کہین گے اگر مطلق ومقید حکم مین متحد ہون اور حادثہ بھی ایک ہو تو مطلق مقید پر حمل
کیا جاتا ہے و اگر ایسا نہ ہو تو محمول نہین ہوتا اور ظاہر ہے کہ ان دونون حدیثون مین حادثہ
مختلف ہے کیونکہ پہلی حدیث مصرح ہے کہ آنحضرت نے جبکہ رفع سے انکار اور امر بالسکون کیا اور
صحابہ نماز مین رفع الیدین کرتے تھے تو اسوقت نماز سے خارج تھے اور فرمایا۔
ما لی اراکم رافعی ایدیکم کانہا اذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلوۃ اور حدیث ثانی
مصرح اس امر کی ہے کہ آنحضرت داخل نماز تھے اور یہی مقتضاء اذا صلینا مع رسول اللہ
کا ہے تو کس طرح حدیث اول دوسری پر محمول ہوگی ورنہ فرض کیا جاویگا آپکا نماز مین
داخل وخارج ہونا وقت واحد مین دہل ہذا الا اجماع النقیضین علاوہ آنکہ حمل مذکور بچندین وجوہ
خالی از سخافت نہین وجہ اول آنکہ اگر مقصود دونون حدیثون مین منع کرنا اشارہ سے
سلام کے وقت ہو تو صحابی جنمین جابر بھی داخل ہے دونون واقعون مین کہ جنمین تعیین
تقدیم احدہما علی الآخر معلوم نہین ہرگز مرتکب خلاف امر حضرت رسالت پناہی کے نہوتے باوجودیکہ
ایکبار منع وارد ہو چکا ہے اقل مرتبہ واجب یہہ تہا کہ جابر اُس اشارہ سے توقف کرتا اور منع ہوتا

کیونکہ جب حضرت نے ایکبار امر کردیا کہ یہہ مت کرو پھر دوسری نوبت احتیاج امر کرنے کی
جب ہوتی کہ وہ لوگ بار دیگر دو وقتون مختلفہ مین اس امر کے مرتکب ہوتے اور یہہ سب
کچھہ جناب صحابہ سے بعید ہے پس ثابت ہوا کہ دو وقتون مین امور متخالفہ سے منع فرمایا ہے
اور جابر کے دونون واقعون مین شریک ہونے پر دلیل یہہ ہے کہ جابر نے روایت مین
صلینا و خرج علینا فرمایا ہے جو دونون متکلم مع الغیر کے صیغے ہین اور جابر ان دونون
کلمون کا متکلم ہے تو روایت اولی مین طلب سکون منافی رفع الیدین درمیان نماز کے ہے
اور روایۃ ثانیہ مین انکار اشارہ وقت سلام کے ہے - **وجہہ ثانی** اگہ اصول فقہ
مین ثابث ہے ان العبرۃ لعموم الالفاظ و لا اعتقاد فی باب الاستدلالات الی قیود
الموارد و خصوصیاتہا تو اسکنوا فی الصلوۃ امر ہے اور لفظ خاص ہے و حکم الخاص حکم
قطعی لا یحوم حوالہ الاجمال و لا یمسہ الظن بلا مقال تو مقصود اس سے طلب سکون نماز
مین ہوا جو نام ہے خاص اُس شے کا کہ بعد تحریمہ کے سلام تک ہے اور تاویل صلوۃ کے
آخر صلوۃ کے ساتھہ ارتکاب مجاز بالحذف کا ہے وہو خلاف الاصل اور وہ احادیث جو رفع
الیدین مین وارد ہین مخصص و مقید اسکے نہین ہو سکتی ہین کیونکہ یہہ قولی ہے اور وہ فعلی
وقد ثبت فی موضعہ ان القول مقدم علی الفعل فلا یخصص منہ **وجہہ ثالث** اگہ
اگر حدیث اول مین انکار رفع عند السلام مراد ہوتا تو اسکنوا فی الصلوۃ بےموقع ہوتا ہے کیونکہ
جب لوگ رفع و اشارہ کے سبب کہ وہ عبارت ہے سلام بالید سے نماز سے خارج ہوئے
تو بعد الخروج طلب کرنا سکون کا نماز مین اجتماع نقیضین ہے پس حاصل یہہ ہے کہ قول علیہ السلام
اسکنوا فی الصلوۃ مالی اراکم رافعی ایدیکم کے بعد دلیل قوی ہے کہ وہ رفع ممنوع فی الصلوۃ
مراد اشارہ عند السلام سے نہین ورنہ اسکنوا فی الصلوۃ لغو ہو جاتا ہے ولہ تعالی ما طول الجماعۃ مثلہ

اور یہی سبب ہے کہ حدیث منع اشارہ عند السلام مین اسکنوا فی الصلوٰۃ وارد نہین **وجہ رابع**
آنکہ قولہ علیہ السلام اسکنوا فی الصلوٰۃ سے ظاہر ہے کہ سکون مطلوب نماز مین داخل
ہے اور خارج نہین حالانکہ تسلیم خارج نماز ہے اور سلام کا نماز سے خارج ہونا چار وجہون
سے ثابت ہے **اول** تسلیم خارج کرنیوالا نماز سے ہے اور جو کہ جزو داخل شے مین ہوتی ہے
وہ مقوم و محصل اُس شے کی وجود مین ہوتی ہے اور اسکے تحقیق کے لئے علۃ مادیہ ہوتی ہے تو خارج
اور فنا کرنے والی کسی طرح نہین بن سکتی کیونکہ اخراج مستلزم خروج ہے وکل منہما امامن شان
العرضیات الخارجۃ عن الماہیات او من توابعہا **دوم** قال علیہ السلام تحریمہا التکبیر وتحلیلہا
التسلیم یعنی تکبیر تحریمہ ان افعال کی حرمت کے لئے جو منافی نماز مین ہین علۃ تامہ ہے اور تسلیم
ان افعال کے علۃ کے لئے علۃ تامہ ہے پس اگر تسلیم داخل نماز ہے تو چاہیئے کہ افعال مباینہ
نماز کے سلام کے وقت حرام ہون نہ حلال۔ پس تسلیم تحریم کی تاثیر کے نیچے داخل ہوگا نہ تحلیل
کے نیچے علاوہ آنکہ اپنے مقام مین ثابت ہے کہ علۃ تامہ و معلول کا زمانہ ایک ہوتا ہے ورنہ لازم
آئیگا بعدیتہ زمانے کی تقدیر پر تخلل زمان کا علۃ و معلول مین پس تخلف معلول کا علۃ تامہ سے آئیگا
اگرچہ کسیوقت مین ہو ہذا خلف اور جب زمانہ تسلیم و علۃ کا ایک ہوا تو زمانہ حرمت و دخول کا نہین
دیکھو کہ اخراج مقولہ فعل سے ہے اور خروج انفعال سے اور ایسا ہی تحلیل فعل ہے اور علۃ انفعال
اور زمانہ فعل و انفعال اور تاثیر و تاثر کا ایک ہوتا ہے کما قالوا فی جواب اشکال الدہریۃ۔
تقریر اشکال ایجاد یا زمان وجود مین ہے یا زمان عدم مین تقدیر اول مستلزم اجتماع نقیضین
ہے اور تقدیر ثانی مستلزم تحصیل حاصل ہے۔ تقریر جواب ایجاد و وجود کا ایک زمانہ ہے اور
تقدیم انمین بالذات ہے نہ بالزمان کما لایخفی علی من مارس کتب المعقول۔ اگر کوئی شبہ کرے
کہ مذہب حنفی مین خروج بصنع مصلی فرض ہے اور خروج بالتسلیم مخصوصہ واجب ہے تو خروج

بالتسلیم فرد ہے افراد خروج مصلی بصنعہ سے جیسا کہ مطلق قرٲۃ فرض ہے اور قرٲۃ فاتحہ بخصوصہا
واجب ہے تو ہمنے مانا کہ زمانہ خروج و تسلیم کا ایک ہی ہے لیکن خروج مصلی بصنعہ کا مطلق فرض ہونا
غیر مسلم ہے بلکہ خروج بخصوصیۃ تسلیم فرض ہے کما یدل علیہ قولہ صلعم تحلیلہا التسلیم ولم
یقل تحلیلہا الخروج بصنعہ تو جواب بچندین وجوہ ہے **وجہ پہلی** جو احادیث کہ
تسلیم مین وارد ہین ظنی ہین مثبت فرضیۃ نہین ہو سکتی ہین **وجہ دوسری** اگر سلام کہنا
بخصوصہ فرض ہوتا تو اللہ اکبر کہنا جو تکبیر کا مدلول ہے نیز فرض ہوتا و ہو خلاف مذہب الجمہور
وجہ تیسری اگر سلام کرنا فرض ہوتا تو ہاتھ ران پر رکھنا بھی فرض ہوتا کیونکہ جناب
رسالت مآب صلعم نے فرمایا ہے انما یکفی احدکم ان یضع یدہ علی فخذہ ثم یسلم
علی اخیہ من یمینہ و شمالہ اور تفریق تحکم ہے واللازم باطل فالملزوم مثلہ۔
وجہ چوتھی جناب رسالتمآب نے سلام نکرنیوالے کو جو اشارہ ہاتھ سے کرتا تھا اعادہ
نماز کا حکم نہین فرمایا پس اگر سلام کہنا فرض ہوتا بخصوصہ تو البتہ اعادہ نماز کا فرماتے
وجہ پانچوین قولہ صلعم انما یکفی مفید فرضیۃ کا نہین بلکہ کفایۃ مطلقہ پر دال ہے کہ
جسکے بعد کمال کیواسطے کچھ احتیاج باقی نہین رہتی **وجہ چھٹی** غایۃ شے خارج شے سے
ہوتی ہے اور امر ممتد کا انتہا اطراف خارجہ پر ہوتا ہے عموماً یعنی کوئی طرف ہو کچھ خصوص طرف لحاظ
نہین ہوتا کیونکہ جب انسان کسی طرف اور ضد شے کو عمل مین لایا تو اُس شے سے خارج ہو گیا
خصوصیۃ طرف و ضد کو کچھ دخل نہین بلکہ ہر ایک طرف و ضد علی السویہ ہین پس خروج بصنعہ جو
ضد و طرف نماز ہے ہر ایک فعل منافی نماز کے ساتھ ہوتا ہے خصوصیۃ تسلیم کی ضرورت
نہین اور اگر بعد تسلیم روایۃ کا مساعد ہوئے تو اوفق بالقبول ہے علاوہ اسکے اگر دلالۃ تحلیلہا التسلیم
کی فرضیۃ تسلیم بخصوصہ پر مسلم ہوئے تو تسلیم اول فرض ہوگا نہ تسلیم ثانی اب ہم پوچھتے

ہین کہ جب خروج و تحلیل پہلے سلام سے واقع ہوا تو دوسرے سلام پر جو نماز سے خارج ہے طلب سکون فی الصلوۃ کس طرح صحیح ہو گا حالانکہ حدیث اشارہ مین دونون سلامون مین حکم برابر ہے۔ کما یدل علیہ قولہ ثم یسلم علی اخیہ من یمینہ وشمالہ پس حاصل یہہ ہوا کہ حمل کرنا پہلی روایت کا دوسری پر محال و ممتنع ہے فافہم فانہ دقیق اگر کوئی شبہ کرے کہ اسکنوا فی الصلوۃ تو حنفی قنوت اور تکبیرات عیدین مین رفع الیدین کیون کرتے ہین فما ہو جوابکم فہو جوابنا جواب اسکا یہہ ہے کہ جس جماعۃ پر آنحضرت صلعم گہر سے نکلے تہے ظاہر ہے کہ جماعۃ وتر نہ تہی کیونکہ آنحضرت کے زمانہ مین وتر مین جماعۃ مقررہ نہ تہی اور نماز عیدین بہی نہ تہی ورنہ آنحضرت اسمین امام ہوتے اور اگر حضرت نے پہلے ادا کر لی ہوتی تو قضا عید متصور نہین تو جماعۃ اور عدم شمول آنحضرت کا جماعۃ مین قرینہ ہے اسپر کہ نماز عیدین اس حکم سے خارج ہے فلا اشکال علاوہ اسکے اس نسخ سے وتر و عیدین کا خارج ہونا تخصیص ہے وما من عام الا وقد خص منہ البعض اگر شبہ کرین کہ تخصیص مین اقتران شرط ہے تو جواب یہہ ہے کہ جب تاریخ معلوم نہ ہو تو مقارنت پر محمول ہوتا ہے کما ثبت فی اصول الفقہ۔ **اقول** وانا حبیب اللہ کہ لام الصلوۃ پر عہد خارجی کے لئے ہے اور قرینہ وہ ہے جو مذکور ہوا اور عہد نسبت استغراق کے اصل ہے کما فی العیان جواب دیگر کلمہ مالی و مالکم وامثالہ اگر منفی پر داخل ہون تو مراد طلب مثبت کا ہے اور اگر مثبت پر داخل ہون تو مراد طلب منفی کا ہو مالی لا اری الہدہد کہ مراد اس سے طلب حضور ہدہد کا ہو وکما فی قولہ تعالی ما لکم کیف تحکمون کہ مراد اس سے طلب نفی حکم ہو وکما فی قولہ تعالی ما لہذا الرسول یاکل الطعام ویمشی فی الاسواق کہ مراد اس نفی اکل طعام و عدم مشیۃ فی الاسواق ہے جب یہہ ممہد ہوا تو ہم کہتے ہین کہ آنحضرت کا فرمانا مالی اراکم رافعی ایدیکم مراد اس سے طلب نفی رفع الیدین ہے پس ہمارا استدلال آنحضرت کے اس قول کے ساتھہ ہے اور آنحضرت نے اپنے قول کو مدلل

اس دلیل سے کہا کہ اسکنوا فی الصلوٰۃ یعنی رفع الیدین اس موقع مین منافی سکون مطلوب فی الصلوٰۃ ہے اور ہم جو اسکنوا فی الصلوٰۃ ذکر کرتے ہین ترک رفع الیدین کی دلیل نہین جانتے بلکہ قرینہ کے طور پر ذکر کرتے ہین کہ یہان ممنوع رفع الیدین فی الصلوٰۃ ہے نہ اشارہ وقت السلام اگر کہین کہ آنحضرت نے دلیل عام کیون ذکر فرمائی تو ہم کہتے ہین کہ جب اسکنوا ہمارا تمسک نہین بلکہ آنحضرت صلعم کا تمسک ہے پس بالضرور تقریب تمام ہونی چاہئے اور وہ اسطرح ہے کہ آنحضرت نے صلوٰۃ سے عام یعنی ہر فرد صلوٰۃ کا لیا ہے لیکن سکون انہین موقع خاص مین ہے کہ وہ ہر رفع وخفض کا وقت ہے انتہی۔

سوال دوم

آنحضرت کا نماز مین خفیہ آمین کہنا

الجواب المستطاب فنمہد اولاً ثلث مقدمات ثم نجیب بما یقطع عرق اعضال المخالفین

المقدمۃ الاولی الفاظ کے معانی لغویہ کا ثبوت اہل لغت کے بیان پر موقوف ہے اور بیان شارع اسکا موقوف علیہ یعنی لولاہ لامتنع نہین ہان اگر بیان شارع موجب زیادۃ اعتبار ہو تو کچھ مضایقہ نہین لہذا علماء بعض الفاظون مین بیان شارع بھی کبھی ذکر کرتے ہین بلکہ فہم معانی اصطلاحیہ شرعیہ نیز بیان شارع پر موقوف نہین استقدر مسلم ہے کہ افعال واقوال شارع سے مجتہدین نے بعد تتبع واستقراء تعین معانی شرعیہ کر دیا ہے اور اگر معانی لغویہ کا ثبوت بیان شارع پر موقوف ہوتا تو فہم معانی الفاظ کا توقیفی ہو جاوے وہو خلاف الواقع وقد تمکن الوضع اربعۃ اقسام لغوی۔ وعرفی عام واصطلاحی وشرعی اور نیز دور تسلسل کا بازار گرم ہو جائیگا مثلاً کتب علیکم الصیام مین کتب کا معنی فرض کا لینا شارع سے

بیان پر اگر موقوف ہو تو وہ بیان شارع نیز کسی لفظ کے ساتھ ہوگا اور وہ الفاظ مستعمل
کے معانی نیز بیان شارع پر موقوف ہونگے تو وہ معانی یا اس کتابت پر موقوف ہونگے
تو دور ہو ورنہ تسلسل لازم آئیگا وہو باطل۔

المقدمة الثانیه۔ آمین عام اس سے کہ بمعنی استجب یا کذالک یکون یا افعل یا اسمع یا نام
خدا ہے بمعنی دعا ہے کیونکہ سوا از احتمال پنجم کے آمین اسم فعل بمعنی امر کے ہو اور امر
نسبتاً علی کی دعا ہے اور احتمال پنجم پر تقدیر عبارت یا آمین استجب ہو۔ قال البخاری فی
صحیحہ قال عطاء آمین دعاء اھ۔ وفی المعالم تحت اجیبت دعوتکما والتامین
دعاء اھ وتحت قولہ آمین معناہ اللھم استجب وقال ابن عباس وقتادة
معناہ کذلک یکون اھ وفی تفسیر روح البیان تحت قولہ تعالی قد اجیبت دعوتکما
والتامین دعاء لانہ معناہ استجب اھ وفی الکشاف آمین صوت سمی بہ
الفعل الذی ھو استجب کما ان روید وحیھل وھلم تسمی بھا الافعال التی ھی
امھل واسرع واقبل وعن ابن عباس سالت رسول اللہ صلعم معنی آمین فقال
افعل اھ وفی المدارک آمین صوت سمی الفعل الذی ھو استجب کما ان روید
اسم لامھل عن ابن عباس سالت رسول اللہ صلعم عن معنی آمین فقال افعل اھ
وفی التفسیر المظہری قال البغوی قال ابن عباس آمین معناہ اسمع واستجب و
اخرج الثعلبی عن ابن عباس قال سالت النبی صلعم عن معنی آمین فقال افعل اھ قال
النووی فی شرحہ لمسلم معناہ استجب اھ۔ وفی شرح الموطا للقاری معناہ اللھم
استجب عند الجمہور وقیل ھو اسم من اسماء اللہ تعالی رواہ عبد الرزاق باسناد
ضعیف من طریق ھلال بن یساف التابعی وانکرہ جماعة ذکرہ السیوطی اھ۔

وفی القسطلانی ومعناه عند الجمهور اللّٰهمّ استجب وقیل هو اسم من اسماء الله
تعالیٰ رواه عبد الرزاق عن ابی هریرة باسناد ضعیف وانکره جماعة منهم النووی
وعبارته فی التهذیب هذا لا یصح لانه لیس فی اسماء الله تعالیٰ اسم مبنی ولا غیر
معرب واسماء الله تعالیٰ لا تثبت الا بالقران او السنة وقد عدم الطریقان اه —
وفی مجمع البحار معناه استجب لی او کذلک فلیکن قال التیمی قولهم آمین انه اسم
من اسماء الله تعالیٰ ومعناه یا آمین استجب ورده النووی اذ لم یثبت بالقرآن والسنة
المتواترة واسمائه تعالیٰ لا تثبت بدونهما اه وفی التفسیر الکبیر ان قوله آمین
تاویله استجب اه ان نقول معتبرہ سے ثابت ہوا کہ آمین عند الجمہور اسم فعل بمعنی دعا ہے
اور عند البعض اسم الٰہی ہے لیکن دونوں تقدیروں پر بمعنی دعا مستعمل ہے اگر کوئی شبہ کرے
کہ سوا انکے اور معانی بھی آمین کے ثابت ہیں کیوں نہیں جائز کہ آمین اسم فعل ہو جسکے معنی
کذلک یکون ہو یا انکہ خاتم دعا ہو کما فی المعالم بلکہ حدیث میں بھی آیا ہے کما رواہ ابوداود
انه قال رسول الله صلعم لرجل قد الحّ فی المسئلة اوجب ان ختم فقال من القوم
بای شیء یختم فقال بآمین فانه ان ختم بآمین فقد اوجب **اقول** عوام کی غلطیون
کو یہ شخص دھوکہ دیتا ہے اور اسم فعل سوائے معنی امر سے کہ نسبت باعلی دعا ہی بتاتا ہے
اسماء افعال دو قسم ہیں بمعنی ماضی و بمعنی امر فی الفوائد الضیائیة اسماء الافعال ما کان ای
اسم کان بمعنی الامر والماضی الذی ہما من اقسام المبنی الاصل فعلة بنائها کونها مشابهة
بمبنی الاصل اه — اور اسم فعل بمعنی مضارع کبھی نہیں ہوتا پس کذلک یکون یا بمعنی ماضی
ہے یا بمعنی امر بمعنی ماضی ہونا جائز نہیں ورنہ لگ کان جسکا معنی فارسی میں بخشان بود
ہوتا پس متعین بمعنی امر ہوا کہ جسکا معنی بخشان ہے ... ویدا سکا ... ہے جو جمع المعا

سے منقول ہے اور گک فلیکن اہ ونیز صراح مین ہے آمین فی الدعا اجابت کن وچنین باد

اہ - ونیز غیاث مین ہے آمین اسم فعل است بمعنی قبول کن دعا را یا بمعنی چنین باد از صراح

اس قدر خیال نہ کیا کہ اسم فعل بمعنی مضارع استقبالی کب آتا ہے اور معنی دعا سے مغایر

کس نے کہا ہے اور انشاء کو بلفظ خبر تعبیر کرنا علمائے بیان کے نزدیک واقع ہے -

جب معنی آمین کا لک یکون بر تقدیر اسم فعل کے ہوا تو حتما چنین باد ہے نہ کہ چنین باشد

کہ جسکا معنی ایسا ہو گا جیسا کہ بعضے مغالطیون نے کیا ہے اور خاتم دعا کو نفس دعا سے

مغایر سمجہہ کر دوسرا معنی مقرر کرنا اہل علم سے بعید ہے کیونکہ مراد خاتم سے انگشتری

لینا یہان ہرگز منصور نہین بلکہ ما یختم بہ الشی ہے اور ما یختم بہ الشئ جنس شے سے ہوتا ہے

نہ مغایر شے سے تو اس حدیث سے ہی ثابت ہوا کہ آمین دعا ہے کہ خاتم دعا جنس دعا سے

ہے اور یہہ بچندین وجوہ ثابت ہے وجہ اول قال اللہ تعالی ولکن رسول اللہ

وخاتم النبیین تو خاتم النبیین کہ عبارت ہے حضرت ختم رسل سے زمرہ انبیاء مین

داخل ہین یا نہین شق اول مفید مطلب ہے اور شق ثانی باطل اللہم الا ان یحمل علی مذہبہ

وجہ دوم عن ابن عباس رض قال نزل ملک فقال ابشر بنورین اوتیتھما لم یوتھما

نبی قبلک فاتحہ الکتاب وخواتیم سورۃ البقرۃ آیا آیات امن الرسول الی آخرہ

سورۃ البقر مین داخل ہین یا نہین شق اول متعین ہے اور شق ثانی باطل ہے بالبداہتہ

الشرعیۃ وجہ سوم - عن عائشۃ ان النبی صلعم بعث رجلا علی سریۃ وکان

یقرء لاصحابہ فی صلوتہم فیختم بقل ھو اللہ احد الحدیث فرمائی کہ اسکی قرءت

مین سورۃ اخلاص داخل تہی یا نہ الاول صحیح والثانی بصراحۃ سیاق الحدیث

باطل اب خاتم دعا کو مغایر دعا سے ٹھیرانا مخالفت قرآن وحدیث کا کرنا ہے -

المقدمة الثالثة اختلاف شے بحسب اختلاف اعتبارات ہوتا ہے اور ایسے اختلاف
پر اختلاف احکام مرتب ہین اور یہ قاعدہ ہر علم و اصطلاح مین جاری ہے مثلاً نحو مین کہتے
ہین المبتداء من حیث اصله یقتضی التقدیم ومن حیث انه یعرضه امر کالتنکیر
مثلا یوخر بذلك العارض لیستفید التخصیص فاختلف الحکمان باعتبارین ومن
المعقولات یقال الکلی کلی باعتبار الحمل الاولی والکلی لیس بکلی باعتبار الحمل المتعارف
فان الفرد غیره حتی قیل لولا الاعتبارات لبطلت الحکمة ومن الشرعیات قوله علیه السلام
لبریرة لك صدقة ولنا هدیة وایضاً قال صلعم لابن اللتبیة لما قال هذا لکم وهذه
هدیة اهدیت لی فهلا جلس فی بیت ابیه او بیت امه فینظر ایهدی له ام لا ظاہر ہے
کہ ہدیہ من حیث الہدیہ حلال طیب ہے اور من حیث انه اهدی للعامل اسکا لینا عامل کو اپنے
واسطے حرام ہے۔

تقریب استدلال۔ اقول الامین دعاء وکل دعاء الاصل فیه الاخفاء فینتج
الامین الاصل فیه الاخفاء اما الصغری فثابت بالکتاب والسنة وما صرح به
الاکابر من المفسرین والمحدثین واهل اللغة اما الکتاب فقد قال الله تعالی

قال موسی ربنا انك اتیت فرعون وملأه زینة واموالا فی الحیوة الدنیا ربنا لیضلوا عن سبیلك
ربنا اطمس علی اموالهم واشدد علی قلوبهم فلا یؤمنوا حتی یروا العذاب
الالیم قال قد اجیبت دعوتکما۔

وجہ استدلال۔ جناب الہی نے اولاً موسیٰ کے دعا کا ذکر فرمایا اور حکایت اس
دعا کی کی اور جبکہ اجابت کا بیان کیا تو دونون کی دعا کی اجابت کا ذکر فرمایا پس معلوم
ہوا کہ یہ دعا جسکا ذکر قرآن مین ہے خاص موسیٰ علیہ السلام نے کی ہے اور ہارون نے

نے اُس دعاء کے سواء کوئی اور دعاء کی ہے تو جب ہمنے تحقیق کیا معلوم ہوا کہ ہارون علیہ السلام نے سوائے آمین کے اور کوئی نہین کی یعنی موسیٰ علیہ السلام دعا کرتے تھے جو قرآن مین مذکور ہے اور ہارون علیہ السلام آمین کرتے تھے پس جناب الٰہی نے اُس دعا اور آمین پر دعاء کا اطلاق فرمایا فثبت من القرآن ان آمین دعاء وہو المطلوب فی المعالم قد اجیبت دعوتکما انما نسبت الیہما والدعاء کان من موسی لانہ روی ان موسیٰ کان یدعوا وھارون کان یؤمن والتامین دعاء اھ ۔ وفی البیضاوی قد اجیبت دعوتکما ای موسیٰ وھارون لانہ کان یومن اھ وفی الجلالین دعا علیہم وامن ھارون علی دعائہ قال قد اجیبت دعوتکما اھ وفی التفسیر الکلبی وامن ھارون علی دعائہ لان معناہ استجب وفی التفسیر الکبیر قال ابن عباس ان موسیٰ کان یدعو وھارون کان یؤمن فلذلک قال قد اجیبت دعوتکما وذلک لان من یقول عند دعاء الداعی آمین فھو ایضاً داع لان قولہ آمین تاویلہ استجب فھو سائل کما ان الداعی سائل ایضاً اھ وفی الحسینی قد اجیبت دعوتکما دعای ہر دو آوردہ اند کہ موسیٰ علیہ السلام دعا میکرد وہارون آمین میگفت وآمین گوئندہ در دعا شریک است ازین جہۃ گفت کہ دعاء ہر دو مستجاب شد اھ اگر خصم عنود کہے کہ قرآن سے ہارون کا دعا کہنا ثابت ہے لیکن آمین بخصوصہ ثابت نہین اور یہہ تحقیق مفسرین کے قول سے ثابت ہوا اور وہ لایق حجت نہین ہم کہتے ہین کہ مفسرین نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام دعا کرتے تھے اور ہارون علیہ السلام آمین کہتے ہین اور تفسیر صحابہ منسوب بآنحضرت صلعم ہوتی ہے اتقان مین لکھا ہے ومع جزم الصحابی بقولہ کیف یقال انما اخذہ عن اھل الکتاب وقد نھوا من تصدیقہم ۔ اھ

ہمنے تو ابن عباس سے آمین کو دعا ہارون ثابت کر دیا۔ اب خصم عنود سے پوچھتے ہین
کہ ہارون ع نے کوئی دعا کی ہتی یا نہ اگر کی ہتی تو بتلاؤ کہ وہ دعا سوائے آمین کے کیا تہی
جیسا ہمنے صحابی سے ثابت کر دیا کہ وہ آمین تہا تم بہی کسی صحابی سے ثابت کرو کہ
فلانی دعا تہی وبدونہ خرط القتاد اور اگر دعا سے انکار ہے تو وہ فی الواقع قرآن سے
انکار ہے اگر خصم کہے کہ ہارون نے آمین کی اور جناب الہی نے بہی اُس آمین پر اطلاق
دعا کا کیا ہے لیکن یہہ اطلاق مجازا ہے اور دلیل ارتکاب مجاز پر معارضات اربعہ ہین
معارضہ اولی آمین کا دعا ہونا قرآن وحدیث صحیح قطعی الدلالة سے ثابت نہین۔
معارضہ ثانیہ آمین کا بمعنی دعا ہونا مخالف ہے اقوال آئمہ سے معارضہ ثالثہ
آمین بمعنی الدعاء مخالف ہی قول امام ابیحنیفہ سے معارضہ رابعہ آمین بمعنی دعا مخالف ہے
حدیث مرفوع کے اقول وباللہ التوفیق معارضہ عبارت ہی اقامتہ الدلیل علی خلاف
ما اقامہ الخصم سے اور ظاہر ہے کہ دعوی یہان یہہ ہے آمین دعا ہے اور دلیل اُس کی
یہہ ہے کہ اللہ نے آمین پر اطلاق دعا کا کیا پس خصم معارض پر واجب تہا کہ قرآن سے
ثابت کرتا یا حدیث سے ثابت کرتا کہ اطلاق دعا آمین پر صحیح نہین نہ آنکہ ہماری دلیل کو مسلم کہکر
اور اطلاق دعا آمین پر کا منکر تاویل کرتا ہے اور باعث تاویل چار دلیلین مذکور کرتا ہے یہہ
کیسا معارضہ ہے اب ہم اِن باتون سے قطع نظر کر کے کہتے ہین کہ کوئی دلیل ان چار دلیلون
سے صحیح اور مفید خصم نہین بلکہ اُس قبیلہ سے ہے جو شیخ سعدی بوستان مین فرماتا ہے
یکی بر سر شاخ بن میبرید ٭ خداوند بستان نگہ کرد و دید ٭ بگفتا گر این مرد بد میکند
نہ با من کہ با نفس خود میکند ٭ معارضہ اولی آمین کا دعا ہونا قرآن اور حدیث صحیح قطعی
الدلالة سے ثابت نہین جواب بچندین وجوہ۔

وجہہ اول معانی لغویہ کا ثبوت شارع کے بیان کے ساتھہ خصم کو چاہیے کہ قران یا حدیث صحیح قطعی الدلالۃ کے ساتھہ پیش کرے تو کسی دلیل کے ساتھہ ثابت کرے پھر ہمسے پوچھے ودونہ خرط القتاد۔

وجہہ دوم ثبوت معانی لغویہ شارع کے بیان سے کچھہ ضروری نہین بلکہ تبرع واحسان متدل ہے لما مر فی المقدمہ الاولی۔

وجہہ سوم تعریف معارضہ اس دلیل پر ہرگز صادق نہین۔ وجہہ چہارم اس قول کا معنی کہ قرآن وحدیث سے ثابت نہین اگر یہہ ہے کہ خدا و رسول نے کسی جگہہ نہین فرمایا کہ الآمین دعاء تو یہہ ظاہر البطلان ہے کیونکہ شارع نے لغات کے بیان کے لئے تشریع مقرر نہین کیا ورنہ خصم پر لازم ہے کہ معانی اصطلاحیہ شرعیہ فضلاً عن المعانی اللغویۃ شارع کے بیان سے ثابت کرے اور اگر یہہ مراد ہے کہ مجتہدین امتہ شارع کے افعال واقوال سے مستفاد کرکے تعیین کرتے ہین اور آمین اسطرح سے قرآن وحدیث سے مستفاد نہین تو یہہ بھی باطل ہے اولاً اسلئے کہ آمین معنی اصطلاحی نہین لغوی ہے ثانیاً اسلئے کہ اسی آیت سے اور نیز حدیث سے مستفاد ہے کہ آمین بمعنی دعا ہے اور اگر کوئی اور مراد ہے فعلیہ البیان و علینا رد بالبرہان۔ وجہہ پنجم سوائے دعاء کے اگر کوئی معنی آمین کا ہے تو معارض پر واجب ہے کہ کسی آیت یا حدیث صحیح قطعی الدلالۃ سے ثابت کرے تا معارضہ تمام ہو۔

معارضہ ثانیہ آمین کو قرآن مین بمعنی دعا لینا مخالف اقوال ایمہ کے ہے اقول اولاً عجب ہے اس سے کہ ظاہر قرآن کو اقوال علماء کے ساتھہ مٹانا چاہتا ہے اور اقوال علما کو دلیل معارض قرآن بتاتا ہے حالانکہ ایسا کرنا اسکے نزدیک شرک مین داخل ہے۔ کذا فی المعیار۔

ثانیاً یہہ تہمہ پر افترا ہے حاشاہم عن ذلک کسی امام نے نہین فرمایا کہ آمین دعا نہین ہان بعض

علماء کا بمقابل جمہور ایک قول مردود ہے کہ آمین اسم من اسماء اللہ اور یہہ مقابلہ دعا کا نہین بلکہ مقابل ایک قسم کے دعا سے ہے یعنی مقابل استجب یا افعل کے یعنے مقابل اسم فعل کے ہے کہ یہہ دونون فرد افراد دعا سے ہین ہان معارضہ جب تہا کہ کسی امام سے ثابت کرتا یا مذہب جمہور بیان کرتا کہ آمین کا معنے دعا کرنا صحیح نہین واللازم باطل فکذا الملزوم۔

المعارضۃ الثالثۃ آمین کا معنی دعا ہونا امام ابو حنیفہ کے قول سے مخالف ہے لا یقول الامام آمین انما یقول المأموم وذلک لان الامام داع والمأموم مستمع وانما یؤمن المستمع لا الداعی کما فی سایر الادعیۃ خارج الصلوۃ انتہیٰ **اقول** یہان تو خصم عنود نے امام اعظم کے قول کو قرآن پر مقدم کیا علاوہ اسکے امام صاحب کے قول کو کسیطرح کے منافات قرآن سے نہین اسکا بیان موقوف ایک مقدمہ پر ہے کہ داعی دو قسم ہے اول داعی بالفعل ہے جسکی دعا سنکر لوگ آمین کہتے ہین اُسکے مقابل کو مستمع کہا جاتا ہے دوم داعی بالقوۃ ہے کہ آمین کہنے کے باعث داعی ہے تو بعد تمہید مقدمہ ہم کہتے ہین کہ مراد امام کی داعی سے قسم اول ہے۔ پس مقابلہ داعی بمعنی اول مؤمن کے ساتھہ صحیح ہے بخلاف داعی انما نحن فیہ اور بخلاف دعا کہ اجیبت دعوتکما مین ہے کہ وہ آمین کہنے کے باعث بمعنی ثانی ہے فلا معارضۃ ولا منافاۃ۔

معارضۂ رابعہ قال رسول اللہ صلعم لرجل نذالحّ فی المسئلۃ اوجب ان ختم فقال من القوم بای شیٔ یختم فقال بآمین فانہ ان ختم بآمین فقد اوجب اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلعم نے آمین کو خاتم دعا ٹھہرایا ہے اور خاتم مغایر اُس شے سے کہ جسکے خاتم ہی ہوتی ہے پس قرآن مین اگر آمین بمعنی دعا حقیقۃ لیجاوے تو مخالفت مابین الحدیث والقرآن لازم آئیگی تو قرآن مین تاویل اختیار کی **اقول** اولاً یہ حدیث قرآن پر صحیح نہین اور چونکہ یہہ

بحث اجنبی عریض و طویل ہے لہذا اعراض کر کے کہتا ہوں کہ خاتم شے جنس شے سے ہوتی ہے لما مر فی المقدمۃ الثانیہ تو جب یہہ چاروں معارضے باطل ہوئے اور کوئی قرینہ صارفہ قایم نہوا اور معنی حقیقی کا لینا ہی کچھ متعذر نہیں تو اختیار مجاز باطل ہوا علاوہ اسکے ان دلایل سے بر تقدیر الفرض اسقدر ثابت ہوگا کہ آمین بمعنے غیر دعا نیز آتا ہے نہ اسکہ آمین کا معنے دعا لینا صحیح نہیں یا متعذر ہے اور دلیل مجاز جب ہوتی ہے کہ تعذر حقیقہ پر دال ہو کر تعیین مجاز کرتی والثانی باطل فالمقدم مثلہ امادہ احادیث کہ جنسے ثابت ہیکہ آمین بمعنی دعا ہے ایک تو وہ حدیث ہے کہ خصم نے ابو داؤد سے روایت کی ہے فجری الحق علی لسانہ بحیث لم یعلم بہ والحمد للہ رب العالمین عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد دوسری وہ حدیث ہے کہ ثعلبی نے ابن عباس سے نکالی ہے قال سالت النبی صلعم عن معنی آمین فقال افعل ھکذا فی الکشاف والمدارک والمظہری واما تصریحات اکابر پس وہ مقدمہ ثانیہ مین مذکور ہین واما الکبری فثابت بقولہ تعالی ادعوا ربکم تضرعا وخفیۃ انہ لا یحب المعتدین قال الامام الرازی فی التفسیر الکبیر اعلم ان المقصود من الدعا ان یصیر العبد مشاھد للحاجۃ نفسہ وعجز لنفسہ ومشاھد الکون مولاہ موصوفا بکمال القدرۃ والرحمۃ فکل ھذہ المعانی دخلت فی قولہ تعالی ادعوا ربکم تضرعا ثم اذا حصلت ھذہ الاحوال علی سبیل الخلوص فلا بد من صونہا عن الریاء المبطل لحقیقۃ الاخلاص وھو المراد من قولہ تعالی وخفیہ والمقصود من ذکر التضرع تحقق الحالۃ الاصلیۃ المطلوبۃ من الدعاء والمقصود من ذکر الاخفاء صون ذلک الاخلاص عن شوائب الریاء واذا عرف ھذا المعنی ظہر لک ان قولہ سبحانہ تعالی تضرعا وخفیہ مشتمل علی کل ما یراد تحقیقہ وتحصیلہ فی شرائط الدعاء وانہ لا مزید علیہ البتۃ بوجہ من وجوہ المسئلۃ

الثالثة التضرع التذلل والتخشع وهو اظهار ذل النفس من قولهم ضرع فلان لفلان
وتضرع له اذا اظهر الذل له في معرض السوال والخفية ضد العلانية يقال اخفيت الشي
اذا سترته واعلم ان الاخفاء معتبر في الدعاء ويدل عليه وجوه الاول هذه الاية
فانها تدل على انه تعالى امر بالدعاء مقرونا بالاخفاء وظاهر الامر للوجوب فان لم
يحصل الوجوب فلا اقل من كونه ندبا ثم قال الله تعالى بعده انه لا يحب المعتدين
في ترك هذين الامرين المذكورين وهي التضرع والاخفاء قال الله تعالى لا يحبه ومحبة
الله تعالى عبارة عن الثواب فكان المعنى ان من ترك في الدعاء التضرع والاخفاء فان
الله لا يثيبه البتة ولا يحسن اليه ومن كان كذلك كان من اهل العقاب لا محالة فظهر
ان قوله تعالى انه لا يحب المعتدين كالتهديد الشديد على ترك التضرع والاخفاء
في الدعاء الحجة الثانية انه تعالى اثنى على زكريا فقال اذ نادى ربه نداء خفيا اي
اخفاه من العباد واخلصه لله وانقطع اليه الحجة الثالثة ما روى ابو موسى الاشعري
انهم كانوا في غزاة فاشرفوا على واد فجعلوا يكبرون ويهللون رافعي اصواتهم فقال
عليه السلام اربعوا على انفسكم انكم لا تدعون اصم ولا غائبا انكم تدعون سميعا
قريبا وانه معكم الحجة الرابعة قوله عليه السلام دعوة في السر تعدل سبعين
دعوة في العلانية عن الحسن ولقد كان المسلمون يجتهدون في الدعاء وما يسمع صوتهم
الا همسا لان الله تعالى قال ادعوا ربكم تضرعا وخفية وذكر الله عبده زكريا فقال اذ نادى
ربه نداء خفيا الحجة الخامسة المعقول هو ان النفس شديدة الميل عظيمة الرغبة في الرياء والسمعة و
فاذا رفع صوته في الدعاء امتزج الرياء بذلك الدعاء فلا يبقى فيه فائدة البتة فكان
الاولى اخفاء الدعاء ليبقى مصونا عن الرياء المسئلة الرابعة قال ابو حنيفة اخفاء التامين

افضل وقال الشافعی اعلانه افضل واحتج ابو حنیفة علی صحة قوله فقال فی قوله
آمین وجهان احدهما انه دعاء والثانی انه اسم من اسماء الله تعالی فان کان دعاء وجب اخفاءه
لقوله تعالی ادعوا ربکم تضرعا وخفیة وان کان اسما من اسماء الله تعالی وجب اخفاءه لقوله تعالی واذکر ربک فی نفسک
تضرعا وخیفة فان لم یثبت الوجوب فلا اقل من الندبة ونحن بهذا القول نقول اه — اور تفاسیر اور کتب معتبرہ میں اسی مضمون
کی عبارتیں موجود ہیں کما فی المعالم والمدارک والبیضاوی والجلالین واتقان القرآن وفتح البیان والحسینی
والمرقاة والقسطلانی وغیر ذلک من شاء التفصیل فلیرجع الیها اور حد اخفاء و
جہر آمین آخر ہے قرآن سے مطلق اخفاء ثابت ہے اور وہ جو خصوم عنود نے کہا ہے کہ جہر دو قسم
ہے جہر عنیف اور جہر متوسط اور قرآن میں مراد خفاء سے وہ خفا ہے کہ مقابل جہر عنیف کے ہے
نہ مقابل جہر مطلق کے یہہ قول اُسکا بچندین وجوہ مردود ہے وجہہ اول ابن عباس نے ودون الجہر
من القول کی تفسیر میں لکھا ہے — المعنی یذکر انه علی وجه یسمع نفسه کما فی التفسیر الکبیر —
وجہہ دوم اسکا قول حدیث صحیح مرفوع کے مخالف ہے جسکو بخاری نے روایت کیا ہے —
لما غزی رسول الله صلعم خیبر اشرف الناس علی واد فرفعوا اصواتهم بالتکبیر
فقال رسول الله صلعم اربعوا علی انفسکم انکم لا تدعون اصم ولا غائبا انکم تدعون
سمیعا قریبا اسلئے کہ آنحضرت صلعم نے منع مطلق جہر سے فرمایا نہ جہر عنیف سے ورنہ مقید
کرتے اور چونکہ علت منع جہر کی نفس حدیث میں مذکور ہے تو دوسری دلیل منع کے لئے مقرر کرنی منصف عاقل
مطلب کو نہیں — وجہہ سوم آیت میں مطلق خفا مذکور ہے کہ وہ مقابل مطلق جہر کا ہے نہ جہر عنیف
کا — وجہہ چہارم یہہ سب اسکی جہل میں ورنہ سامعین پر غیر مقلدین کا جہر بالآمین پوشیدہ نہیں اور وہ
جو کابینہ کبری کے نقض کیواسطے چند امثلہ ذکر کئے ہیں کہ بعضے اُن سے جہر دعا پر دال ہیں تو انکا
جواب مقدمہ ثالثہ میں گذرا کہ اختلاف اعتبار موجب اختلاف حکم کا ہے اگر آنحضرت صلعم نے کسی

تذکیر یا ترغیب یا تعلیم وغیرہ کے باعث جہر بالدعا کیا ہے تو اخفاء دعا گو کہ من حیث الاصل ہے منافی نہین اور نیز اصل ہونا مستلزم وجوب نہین اور وہ الفاظ کفریہ جو مکنون باطن اُسکی تھی انکو اِس طرح ظاہر کیا کہ اگر ہم فرض بھی کر لین کہ مراد اخفاء سے اس آیۃ مین ایسی آہستگی ہے جسمین آواز نہ نکلے تو بھی حکم آمین اِس سے مستثنی و مخصوص ہیگا اِسلئے کہ جس پیغمبر صلعم پر آیت اتری اور اُس نے آمین کو اور کئی اور دعاؤن مین جہر کیا ہے پس اگر حکم آمین اور اُن دعاؤن جہری کا اِس سے مستثنی نہ ہوتا تو وہ آمین وغیرہ دعامین جہر سے کیون کر ہوتے کیا یہ آیت آنحضرت سے پیچھے حنفیون کے امام پر اُتری ہے یا آنحضرت کی سمجھ مین اِس کے معنے نہین آئے یا حضرت نے دیدہ و دانستہ آیہ کا خلاف کیا ہے انتہی کلامہ مقدمہ ثالثہ کے دیکھنے سے اسکا جواب ہر ایک پر ظاہر ہوتا ہے مگر تعصب حسد نے ایسے کلمات واہیہ کہنے پر اُسکو دلیر کر دیا اس قدر خیال نکیا کہ بعد قطع نظر صحت احادیث آمین بالجہر سے اور ظنی الافادہ ہونے سے کوئی دلیل مفید علم اس امر کی نہین کہ مشکات نبوت سے انکا پرتو ہے تو جب ان احادیث کا جناب رسالت مآب سے ہونا یقینی نہین پس حیف ہے کہ باوجود دعوی اسلام کے اکابر مجتہدین کو مسایل فرعیہ ظنیہ کے باعث کفر و الحاد کی نسبتین کرنے اور روسیاہی دارین حاصل کرنے علاوہ اسکے جسقدر احادیث کہ آمین بالجہر مین متمسک بہا ہین سب مجروح و ضعیف ہین اور قابل احتجاج نہین حدیث اول حدثنا بندار نا یحیی ابن سعید وعبد الرحمن بن مہدی قالا نا سفیان عن سلمة بن کہیل عن حجر ابن عنبس عن وایل ابن حجر قال سمعت النبی صلعم قرء غیر المغضوب علیہم ولا الضالین قال آمین ومد بہا صوتہ رواہ الترمذی حدیث ثانی حدثنا محمد بن کثیر انا سفیان عن سلمة عن حجر ابن العنبس الحضرمی عن وایل ابن حجر قال کان رسول اللہ صلعم اذا قرء ولا الضالین قال آمین ومد بہا صوتہ

رواہ ابو داؤد وحدیث ثالث قال ابوداؤد حدثنا مخلد بن خالد الشعیری نا ابن
نمیر نا علی بن صالح عن سلمۃ ابن کہیل الخ وقال الترمذی حدثنا ابوبکر محمد بن
ابان حدثنا عبداللہ ابن علاء بن صالح الاسدی عن سلمۃ بن کہیل عن حجر بن
عنبس عن وائل ابن حجر عن النبی صلعم الحدیث حدیث رابع قال نسائی اخبرنا عبدالحمید بن
محمد ثنا یونس ابن ابی اسحاق عن ابیہ وفی روایۃ اخبرنا قتیبۃ ثنا ابو الاحوص
عن ابی اسحق عن عبدالجبار بن وائل عن ابیہ وقال ابن ماجہ حدثنا محمد بن
الصباح وعمار بن خالد الواسطی قالا حدثنا ابوبکر بن عیاش عن ابی اسحق عن
عبدالجبار ابن وائل عن ابیہ الحدیث حدیث خامس قال ابوداؤد حدثنا نصر بن
علی انا صفوان ابن عیسی عن بشر ابن رافع عن ابی عبداللہ ابن عم ابی ہریرۃ عن
ابی ہریرۃ قال کان رسول اللہ صلعم اذا تلا غیر المغضوب علیہم ولا الضالین
قال آمین حتی یسمع من یلیہ من الصف الاول وقال ابن ماجہ حدثنا محمد بن بشار
حدثنا صفوان بن عیسی حدثنا بشر بن رافع عن ابی عبداللہ بن عم ابی ہریرۃ
عن ابی ہریرۃ قال ترک الناس التامین وکان رسول اللہ صلعم اذا قال غیر
المغضوب علیہم ولا الضالین قال آمین حتی یسمعہا اہل الصف الاولی فیرتج
بہا المسجد حدیث سادس قال النسائی اخبرنا محمد بن عبیداللہ بن عبدالحکم
ثنا شعیب ثنا اللیث بن سعد عن خالد بن یزید عن سعید بن ابی ہلال عن نعیم
المجمر قال صلیت وراء ابی ہریرۃ فقرء بسم اللہ الرحمن الرحیم ثم بام القرآن حتی
قال غیر المغضوب علیہم ولا الضالین فقال آمین الحدیث حدیث سابع قال ابن ماجہ
حدثنا عثمان ابن ابی شیبہ ثنا حمید بن عبدالرحمن ثنا ابن ابی لیلی عن سلمۃ بن

كهيل عن حجية ابن عدى عن علي قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم
اذا قال ولا الضالين قال آمين - حديث ثامن قال ابن ماجة حدثنا اسحق
بن منصور انا عبد الصمد بن عبد الوارث ثنا حماد بن سلمة ثنا سهيل ابن
ابي صالح عن ابيه عن عائشة عن النبي صلعم قال ما حسدتكم اليهود
على شيء ما حسدتكم على السلام والتامين وهكذا عن ابن عباس بهذا
الاسناد حدثنا العباس بن الوليد الخلال الدمشقي ثنا مروان بن محمد
وابو مسهر قالا ثنا خالد بن يزيد بن صبيح المري ثنا طلحة بن عمرو عن عطا
عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما حسدتكم اليهود الحديث
حديث تاسع اخرج الشيخان وغيرهما عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلعم
اذا قال الامام غير المغضوب عليهم ولا الضالين فقولوا آمين فانه من
وافق تامينه تامين الملائكة غفر له ما تقدم من ذنبه پس یہ نو حدیثین
ہین کہ آمین بالجہر کے لئے سند لاتے ہین **اقول** وباللہ التوفیق اب ہر ایک
حدیث کا حال جدا جدا سنیئے حدیث اول مین چار وجہون سے نظر ہے -
وجہ اول مدّ دو معنون کا محتمل ہے مدّ صوت بالجہر و مدّ ہمزہ واذا جاء الاحتمال
بطل الاستدلال اگر شبہ کرین کہ مدّ صوت مرجح احتمال اول کے ہے تو جواب یہ ہے
کہ مد صوت لازم لفظ کو ہے نہ مستلزم جہر کو کیونکہ مد صوت عام ہے جہر بالصوت
سے اور وجود عام مستلزم وجود خاص کو نہین علاوہ آنکہ بر تقدیر تسلیم ترجیح
کے خصم کے مذہب پر قابل احتجاج نہین کیونکہ ما دل ہے نہ نص -- وجہ دوم
جایز ہے کہ آنحضرت نے جہر تعلیم کے لئے کیا ہو جیسا کہ آپکی عادت مبارک تھی کہ

کبھی کبھی برائے تعلیم جہر قرات نیز فرماتے تھے بخاری نے ابو قتادہ سے روایت
کی ہے کان النبی صلعم یقرء فی الرکعتین من الظہر والعصر بفاتحۃ الکتاب
وسورۃ وسورتی ویسمعنا الآیۃ احیانا توجیہ تمک دوام جہر ثابت نہ کرے
استدلال اس حدیث سے صحیح نہیں وجہ سوم سفیان ثوری راوی مدلس ہے
قال فی التقریب سفیان ثقۃ حافظ فقیہ عابد امام حجۃ وکان ربما دلس انتہی
اور سلمہ سے عن کے ساتھ روایت کی ہے تو حدیث معنعن ہوئی اور حدیث
معنعن مدلس غیر صحیح ہے اتفاقاً کما صرح بہ النووی واتفقوا علی ان المدلس لا یحتج بعنعنۃ
انتہی وجہ چہارم ابو بکر ابن ابی شیبہ نے جو بخاری ومسلم کا استاد ہے مصنف
اپنی میں روایت کی ہے حدثنا وکیع قال ثنا سفیان عن سلمۃ بن کہیل
عن حجر بن عنبس عن وائل ابن حجر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم اذا قرء ولا الضالین فقال آمین خفض بہا صوتہ اس حدیث کے
وہی راوی ہیں جو حدیث اول کے راوی ہیں سوائے وکیع کے کہ وہ بڑا
معتبر اور مروی عنہ سنتہ کا ہے قال فی التقریب وکیع ابن الجراح ابن
ملیح الرواسی ابو سفیان الکوفی ثقۃ حافظ عابد من کبار التاسعۃ مات فی آخر
سنۃ ست واول سنۃ سبع وتسعین ولہ سبعون سنۃ انتہی اور مناقض ہے
حدیث اول کے فاذا تعارضا تساقطا اور اگر سفیان بن عیینہ راوی ہو تو
وہ بھی مدلس بلکہ مختلط ہے کما فی التقریب اور ترمذی کا اس حدیث کو حسن
کہنا موجب صحۃ احتجاج نہیں کیونکہ تدلیس منافی صحۃ وحسن کے نہیں بلکہ
باوجود صحۃ لایق احتجاج نہیں اگر کوئی شبہ کرے کہ تناقض میں اتحاد زمانہ شرط

شرط ہی کیون نہین کہ وایل نے کبھی حضرت سے آمین بالجہر سنا ہو اور کبھی
بالاخفا تو تعارض نہ ہا الجواب اگر ایسا ہوتا تو چونکہ اسناد دونون مین ایک ہے
تو وایل بالضرور تغایر واقعتین کا بیان کرتا واذا جہلنا التاریخ حملنا علی المقارنۃ
فتعارضنا فتساقطا علاوہ اسکے ہم پوچھتے ہین کہ آمین بالجہر تمہارے نزدیک کیا ہے
اگر سنت ہی تو احتمال ہذا منافی سنیت ہو اور اگر مستحب ہے تو نیز یہ احتمال اسکا منافی
ہے کیونکہ بغیر ترجیح احد الطرفین مفید اباحہ ہوتا ہے نہ مفید استحباب اور ثبوت
فعل آنحضرت سے مرۃ یا مرتین جو تعریف استحباب مین ماخوذ ہے بمقابل اسکے
عدم ثبوت فعل و ترک سایر اوقات مین ہے نہ ثبوت عدم فعل اور اگر مباح
ہے تو خصم کو مضر ہے حدیث ثانی مین چار وجہون سے اعتراض ہے احتمال
تعلیم۔ عنعنہ مدلس۔ تعارض وجہ چہارم محمد بن کثیر راوی کثیر الغلط ہے
فی التقریب محمد ابن کثیر کثیر الغلط من صغار التاسعۃ انتہی وحدیث کثیر الغلط
مردود قال فی النخبۃ ثم الرد وہ اینکون لسقط او طعن الی ان قال
ثم الطعن اما اینکون لکذب الراوی او تہمتہ بذالک او فحش غلطہ انتہی
حدیث ثالث مین تین وجہون سے تکلم ہے احتمال تعلیم۔ تعارض تیسری
وجہ علاء ابن صالح صاحب اوہام ہے فی التقریب العلاء ابن صالح التیمی او
الاسدی الکوفی صدوق لہ اوہام من السابعۃ انتہی حدیث رابعہ مین
تین طرح کا شبہ ہی احتمال تعلیم وجہ دوم ابو اسحاق مختلط ہے اور یونس
وہمی ہے فی التقریب یونس ابن ابی اسحق السبیعی الکوفی صدوق یہم قلیلا
ابو اسحاق السبعی اختلط باخرہ انتہی قال النووی فمن المختلطین

۴۲ قال النووی الخ
نووی کی غرض یہ ہے کہ مختلطین سے
عطاء ابن سائب اور ابو اسحاق
سبیعی اور سعید جریری اور سعید
ابن عروبہ اور عبد الرحمن بن
عبد اللہ مسعودی اور ربیعہ استاد امام مالک
اور صالح مولی التوأمہ اور حصین
ابن عبد الوہاب کوفی اور
سفیان بن عیینہ

عطاء بن السائب وابو اسحق السبیعی وسعید الجریری وسعید بن ابی عروبۃ وعبد الرحمن ابن عبد اللہ المسعودی وربیعۃ استاذ مالک وصالح مولی التوامۃ وحصین ابن عبد الوہاب الکوفی وسفیان بن عیینۃ انتہی اور مختلط کی حدیث قبل از اختلاط مقبول ہے اما بعد اختلال ویا انکہ معلوم نہ ہو کہ بعد اختلال ہے یا قبل از اختلال مردود ہے قال النووی اذا اختلط الثقۃ لاختلال ضبطہ بخرف اوہرم اولذہاب بصرہ اونحو ذلک قبل حدیث من اخذ عنہ قبل الاختلال ولا یقبل حدیث من اخذ عنہ بعد الاختلال او شککنا فی وقت اخذہ انتہی وجہ سوم بباعث عبد الجبار حدیث مرسل ہے اور مرسل عند الخصم لائق سند نہیں اور حدیث خامس مین چہ وجہوں سے خدشہ ہی وجہ اول بشر راوی ضعیف الحدیث ہی فی التقریب بشر بن رافع ضعیف الحدیث انتہی وجہ دوم اجتماع ضدین پر مشتمل ہے یعنی پہلی صف کا سنا اور ارتجاج مسجد کہ اول مقتضی جہر متوسط ہی اور ثانی مقتضی جہر عنیف دہو مرجح والمحال العقلی یستلزم الوضع وجہ سوم خلاف واقع پر مشتمل ہے کیونکہ ارتجاج مسجد نبوی کہ جسکی چھت کھجور کی لکڑیون کی تھی متصور نہیں وعدم مطابقۃ الحکایۃ للمحکی عنہ کذب والمشتمل علی الکذب کذب وجہ چارم حدیث مذکور مضطرب ہی کیونکہ بعضی طریق مین ارتجاج آیا ہے اور بعضی عدم اسکا وجہ پنجم حدیث مذکور نسخ آمین بالجہر پر دال ہے کیونکہ اُس زمانہ کے لوگ صحابہ وتابعین تھی تو انکا آمین بالجہر کو ترک کرنا دلیل نسخ ہی کیونکہ باوجود علم حضرت کو فعل پر کہ جس سے ارتجاج مسجد ہوا اُسی فعل کو ترک کرنا بغیر نسخ کے صحابہ وتابعین سے بعید ہے وجہ ششم تعلیم کے

ف قولہ قال النووی الخ۔ نووی نے کہا کہ جب ثقہ مختلط ہوجاوے بسبب اختلال ضبط کے یا بسبب خرف کے یا بسبب بوڑھاپے کے یا بسبب اندھا ہونیکے یا اسکی مثل کے تو جو حدیث اس سے روایت کی گئی قبل از اختلاط وہ مقبول ہے اور بعد از اختلاط یا اسمین شک ہو کہ قبل از اختلال ہے یا بعد از اختلال ہے تو مقبول نہیں ۱۲
نہب ۱۲

واسطے یہ جہر واقع ہوا ہو اور موید اسکے جملہ ترک الناس التامین ہے جو اسی

روایت مین وارد ہے حدیث سادس مین دو وجہون سے گفتگو ہے وجہ اولی

ابو ہلال لین الحدیث ہے فی التقریب محمد بن سلیم ابو ہلال البصری صدوق فیہ

لین انتہی اور لین الحدیث کی حدیث غیر محتج بہ ہے کذا فی النخبۃ وشرحہ وجہ

دوم دال حدیث جہر آمین پر ممنوع ہے کیونکہ سمع آمین مستلزم جہر کو نہین جائز

ہے کہ آنحضرت صلعم سے آمین کہنیکی حکایت سنی ہو اسکو روایت کرتے ہے

دیکھو کہ عبد اللہ بن مسعود قرات سنۃ فجر و مغرب کے سمع کی روایت آنحضرت سے

کرتا ہے حالانکہ نوافل مذکورہ مین قرأت بالجہر ہرگز صحیح و مشروع نہین روی الترمذی

عن عبد اللہ بن مسعود قال ما احصی ما سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یقرء فی الرکعتین بعد المغرب فی الرکعتین قبل صلوۃ الفجر بقل یا ایہا الکافرون

وقل ھو اللہ احد حدیث سابع مین چار وجہون سے نظر ہے وجہ اول ابن

ابی لیلی راوی بہت سیء الحفظ ہے فی التقریب محمد بن عبد الرحمن ابن ابی

لیلی سیء الحفظ جدا من السابعۃ انتہی قال احمد بن حنبل ابن ابی لیلی لا

یحتج بہ رواہ الترمذی اور سیء الحفظ جدا کی حدیث مردود ہے فی النخبۃ ثم

الطعن اما ان یکون بکذب الراوی او تہمتہ بذلک او فحش غلطہ او غفلتہ او فسقہ

او وہمہ او مخالفتہ او جہالتہ او بدعتہ او سوء حفظہ انتہی وجہ دوم حجیۃ

بن عدی مخطی ہے فی التقریب حجیۃ بن عدی یخطی من الثالثۃ انتہی

وجہ سوم تعلیم پر محمول ہے وھو المتعین اسلیے کہ مخالف ہے قول مرتضی سے

اور یہہ وجہ چہارم ہے اخرج الطحاوی وابن جریر وابن شاہین عن ابی وائل

کان عمر و علی لا یجهران بالبسملة ولا بالتعوذ ولا بامین حدیث ثامن

مین تین وجہون سے نظر ہے وجہ اول حماد بن سلمہ آخر عمر مین متغیر الحفظ

ہوگیا ہے فی التقریب حماد بن سلمة تغیر حفظه باخره انتہی وجہ دوم

سہل بن صالح آخر عمر مین متغیر الحفظ ہوگیا ہے فی التقریب سهیل ابن ابی

صالح تغیر حفظه باخره انتہی قال الترمذی وهکذا تکلم بعض اهل الحدیث

فی سهل ابن ابی صالح ومحمد بن اسحاق وحماد بن سلمة ومحمد ابن عجلان

واشباه هولاء من الائمة انما تکلموا فیهم من قبل حفظهم فی بعض ما رووا

انتہی وجہ سیوم حدیہ ہو دستلزم جہر آمین کو نہین کیونکہ یہو و قرینہ ومحل سے

معلوم کرکے حسد کرین دیکہو کہ غیر مقلدین باوجودیکہ حنفیہ لخفا بامین کرتے ہین

بباعث علم محل وقرینہ آمین کے حنفیہ پر حسد کرتے ہین حدیث تاسع تو ہر گز جہر

آمین پر دلالۃ نہین کرتی بلکہ اخفاء آمین پر دال بالصراحۃ ہے جبکہ ہم دلائل اخفاء

آمین ذکر کرینگے وہان اسکی دلالۃ کا بیان کرینگے یہ احادیث متمسکہ غیر مقلدین

ہین کہ بعضون کے صحۃ وحسن مین کلام ہے بلکہ اکثر ضعیف اور بعضی موضوع

ہین قطع نظر قطعی الدلالہ ہونے سے بعضی برخلاف مدعی دال ہین جنپر نازان

ہوکر اکابر امتہ کے حق مین ہذیان مونہہ سے نکالاہے جب ہم نے حنفیہ آمین

کہنے کو قرآن سے ثابت کردیا ہے پہر محتاج کسی اور دلیل کی نہین ہین لیکن ہم

تبرعاً احادیث نبوی اور آثار صحابہ سے ثابت کرتے ہین اخرج احمد وابو یعلی

والطبرانی والدارقطنی والحاکم بطریق شعبة عن سلمة بن کهیل عن حجر

ابی العنبس عن علقمة ابن وایل عن ابیه انه صلے مع رسول الله صلعم

ف قولہ قال الترمذی الخ ترمذی نے کہا ایسا ہی اہل حدیث نے گفتگو کی ہے سہل ابن ابی صالح اور محمد ابن اسحاق اور حماد بن سلمہ اور محمد ابن عجلان اور امثال ان کے ائمہ کے حق مین اور گفتگو جو کی ہے تو جہت حفظ ان کے کی ہے بعض مرویات مین ۱۲

فلما بلغ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین قال آمین واخفی بہا
صوتہ وفی لفظ الحاکم خفض بہا صوتہ وقال صحیح الاسناد ولم یخرجاہ
ھکذا قال المحقق ابن الھمام والعینی اس حدیث مین شبہ کرتے ہین کہ شعبہ
تین جگہہ اُسمین خطا ہوا اول تو حجر ابی العنبس کہا حالانکہ وہ حجر ابن العنبس ہے
جسکی کنیت ابو السکن ہے دوسری خطا علقمہ بن وایل کو زیادہ کیا حالانکہ
اُسمین علقمہ نہین تیسری خطا خفض بہا صوتہ کہا اور کہنا مدّ بہا صوتہ
تہا قال ابو عیسی سمعت محمدا یقول حدیث سفیان اصح من حدیث شعبہ
فی ھذا واخطأ شعبۃ فی مواضع من ھذا الحدیث فقال عن حجر ابی العنبس
وھو حجر ابن العنبس ویکنی بالسکن وزاد فیہ عن علقمۃ ابن وایل ولیس فیہ
عن علقمۃ وانما ھو عن حجر بن عنبس عن وایل بن حجر وقال خفض بہا
صوتہ وانما ھو مد بھا صوتہ انتہی منشا بخاری کے نکتہ گیری کا صحۃ حدیث
سفیان ہے جسکو معیار اس حدیث کا ٹہرایا ہے تو اُسکو اصح بنا کر اُسکی مخالف
مین اعتراض کیا ہے لیکن کوئی دلیل خارج سے بخاری نہین لا سکا اور
جب ہم سفیان کی حدیث مین کلام کرتے ہین تو اسکے معیار ہونے کو کب
مسلم جانتے ہین اولاً بخاری کے اصح کہنے سے حدیث شعبہ ضعیف نہین
ہوتی کیونکہ اسم تفضیل نفس صحۃ کو منافی نہین علاوہ آنکہ حاکم نے بہی حکم
بصحۃ حدیث ہذا کیا ہے ثانیاً وہ جو بخاری نے کہا ہے ابن العنبس کے
کنیت ابو السکن ہے نہ ابو العنبس تو عینی نے اُسکے جواب مین لکہا ہے کہ ایک
شخص کے واسطے دو کنیت کا ہونا محال نہین بلکہ واقع ہے اور بہت محدثین

ہے یہہ ثابت کیا کہ ابو العنبس کنیت ابن العنبس کی ہے اقول سفیان نے
نیز اپنی روایت مین ابو العنبس کہا ہے حدیث دوم میں ابو داود کی اسناد مین
اور نیز دارمی مین ایسا ہی موجود ہے اور وہ جو کہا ہے کہ شعبہ نے علقمہ کے
ذکر کرنے مین خطا کی ہے یہہ کہنا بخاری سے موجب تعجب ہی۔ تقریب مین
ہے شعبہ ثقہ حافظ متقن کان الثوری یقول امیر المومنین فی الحدیث وکان
عابدا انتہی تو شعبہ جب ثقہ ہوا اور زیادۃ ثقہ معتبر ہے کما فی اصول الفقہ
والحدیث پس خطا شعبہ کیطرف نسبت کرنا اگر خطا نہین تو کیا ہے جائز ہے
کہ اسناد مین علقمہ بن وائل مذکور ہوا ور سفیان نے ارسال کیا ہو محدثین
کا قاعدہ ہے کہ کبہی ذکر اور کبہی ارسال کرتے ہین قال الامام مسلم فی
صحیحہ کذلک کل اسناد حدیث لیس فیہ ذکر سماع بعضہم من بعض وان کان
قد عرف فی الجملۃ ان کل واحد منہم قد سمع من صاحبہ سماعا کثیرا
فجائز لکل واحد منہم ینزل فی بعض الروایۃ فیسمع من غیرہ عنہ بعض
احادیثہ ثم یرسلہ عنہ احیانا ولا یسمی من سمع منہ وینشط احیانا فیسمی
الذی حمل عنہ الحدیث ویترک الارسال بعد ازان چند مثالین ذکر کین ہین
من شاء فلیرجع تو بخاری کا حکم کرنا خطائے شعبہ پر ترجیح بلا مرجح ہے بلکہ ترجیح
مرجوح ہے کیونکہ یہان ایک دلیل قوی ہے کہ سفیان نے ترک ذکر علقمہ
کا کیا ہے اور شعبہ نے زیادت نہین کی ہے وہ دلیل یہہ ہی کہ سفیان مدلس
ہے اور مدلس جیسا کہ شیخ کو ساقط کرتا ہے ویسا ہی ما فوق شیخ کو بہی ساقط
کرتا ہے تو جائز ہے کہ علقمہ کو بھی ساقط کیا ہو لہذا عن کے ساتھہ روایت کی

حیث قال عن سلمۃ بن کھیل عن حجر ابن عنبس عن وائل ابن حجر قال السید فی رسالۃ اصول الحدیث ربما یسقط المدلس شیخہ ولکن یسقط من بعدہ رجلا ضعیفا او صغیرا الخ اور وہ جو بخاری نے تیسری خطا خفض بہا صوتہ کو کہا ہے یہ مصادرہ علی المطلوب ہے کیونکہ بخاری نے کوئی دلیل ذکر نہین کی پس منصف آدمی کس طرح قول بلا دلیل کو سند جانتا ہے حالانکہ شعبہ کا مرتبہ بخاری سے کم نہین بلکہ خفض کے تائید ابوبکر ابن ابی شیبہ نے جو بخاری کی اُستاد ہے۔ دوسری حدیث کو روایت کیا ہے حدثنا وکیع قال ثنا سفیان عن سلمۃ ابن کھیل عن حجر بن عنبس عن وائل ابن حجر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قرء ولا الضالین فقال آمین وخفض بہا صوتہ ہم جو حدیث ابوسفیان کی صحۃ کی قایل نہین ہین کس طرح حدیث مخالف جہر کو ضعیف مانینگے حالانکہ ہمارے نزدیک اخفا ثابت ہے نہ جہر بلکہ مؤید بالقرآن والحدیث ہے تو بخاری کا یہہ کہنا کہ شعبہ نے خطا کی اس لئے کہ مخالف حدیث جہر ہے دعوی کو دلیل بنایا ہے وہو کما تری تیسری حدیث وہ ہے جو بخاری ومسلم وامام مالک وامام محمد وترمذی ونسائی وابن ماجہ ودارمی وغیرہم نے روایت کی ہے روی الامام مالک والبخاری والنسائی والدارمی عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلعم قال اذا قال الامام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین فقولوا آمین فانہ من وافق قولہ قول الملئکۃ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ لکن لفظ النسائی فان الامام یقول آمین وفی روایۃ الدارمی فان الملئکۃ تقول آمین وان الامام یقول آمین وفی روایۃ مسلم اذا قال القاری

ولا الضالین فقال من خلفہ آمین فلی فق خواہ قول اہل السماء وفی روایۃ

للدارمی ھکذا وجہ استدلال ۔ جناب رسالت مآب صلعم نے مقتدیون کے

آمین کرنے کو امام کی ولا الضالین کہنے پر معلق فرمایا اور یہہ اول دلیل ہے

اخفاے آمین امام پر کیونکہ تعلیق مذکور مقتضی تعیین مقام تامین ہے اور

بر تقدیر جہر آمین کے یہہ تعلیق لغو ہوتی ہے اور قرینہ اخفا بنا برین تعلیق وہ

حدیث نسائی و دارمی ہے جسمین فان الامام یقول آمین ہے کیونکہ امام

کی آمین کا کہنا مقتدیون کو جتلانا دلیل ہے اسپر کہ مقتدیون کو آمین کہنی امام

پر علم نہین تہا اور عدم علم مقتدیون کا مستلزم ہے عدم جہر کو ملا علی قاری نے

لکہا ہے فیہ[له] حجتان احدھما علی مالک بان الامام یقولہا والثانیۃ

علی الشافعی بانہ یخفیہا الامام لانہ لو کان جہرا لکان مسموعا فیستغنی

عن قولہ فان الامام یقولہا **اقول** آنحضرت کا قول فانہ من وافق قولہ

قول الملائکۃ اخفاء آمین امام و موتم پر دال ہے اسلئے کہ موافقہ کو موجب

مغفرت گناہان ٹہرایا ہے لیکن وجہ موافقت مذکور نہین کہ وقت مین یا اخفاء

مین یا نفس کہنے مین ہے اگر موافقت اخفا مین مطلوب ہو فتعین المطلوب

اور اگر کسی اور امر مین مطلوب ہو تو ظاہر ہے کہ بطریق اخفا نیز وہ موافقت

حاصل ہے پس موافقت تامہ فی الجملہ موافقت سے بہتر ہے فتعین الاخفاء

دون الجہر اگر کوئی شبہ کرے کہ جس کتب مین تامین مقتدی کا تعلیق ولا الضالین

پر ہے انہین کتب مین تامین امام پر بہی مذکور ہے اذا امن الامام فامنوا

وارد ہے اور عسقلانی و قسطلانی نے لکہا ہے کہ تو لوا وال ہے امر بالجہر پر

[له] قولہ فیہ حجتان الخ یعنی اس مین دو حجتین ہین ایک یہ کہ امام آمین کہتا ہے دوسری یہ کہ جب امام آمین کہتا ہے تو مقتدی اگر آمین جہر سے کہتا تو سنتے تو وقت اس قول سے کہ فان الامام یقولہا استغنا ہوتی

حیث قال ہمنا سبتہ الحدیث الترجمۃ من جہتان فی الحدیث الامر بقول آمین والقول اذا وقع بہ الخطاب مطلقا حمل علی الجہر ومتی ارید الاسرار وحدیث النفس قید بذلک انتہی **اقول** احادیث صحیحہ مین دو طرح کے تعلیق مذکور ہے اول امام کے ولا الضالین کہنے پر دوم امام کی آمین کہنے پر تعلیق دوم محتمل دو امر کی ہے اول امام کے آمین کہنے پر دوم امام سے آمین سننے پر اور تعلیق اول مین خاص پہلا معنی ہے پس دلالۃ تعلیق اول کی اپنی معنی پر قطعی ہے بخلاف ثانی کے تو محتمل کا قطعی پر حمل کرنا واجب ہے نہ بالعکس تو اس حدیث کا بھی وہی معنی ہے جو پہلی حدیث کا ہے یعنی تعلیق تامین مقتدی کا ولا الضالین کے سننے پر جو وقت تامین کے کہنے کا ہو نہ تامین کے سننے پر اور سر اسکا کہ حدیث دوم محتمل دو معنی کے ہو یہہ ہے کہ تامین عبارت ہے آمین کہنے سے نہ آمین سننے یا سنانے سے اور کہنا محتمل ہے سر و جہر دونون کا بلکہ قرینہ قطعیہ تامین امام سے آمین آہستہ کہنے پر یہہ ہے کہ امام مالک و امام محمد نے اسی حدیث اذا امن الامام مین ذکر کیا ہے وکان رسول اللہ یقول آمین اسواسطے کہ اخبار کرنا کہ آنحضرت آمین فرماتے تھے دال ہے اسپر کہ مقتدیونکو آنحضرت کی آمین پر وقت نماز خبر نہین تھی ورنہ فایدہ اخبار نہ رہیگا کہ وہ یا مخاطب جاہل کو عالم کرنا ہے و یا اپنا عالم ہونا جتلانا ہے شق ثانی یہان باطل ہے تو شق اول متعین ہوئی اگر وہ بھی یہان متحقق نہ ہو تو فایدہ خبر باقی نہ رہیگا اور نیز نسائی اور دارمی کا روایت کرنا فان الامام یقول آمین اسی احتمال کا موید ہے اور وہ جو عسقلانی اور قسطلانی نے فرمایا ہے باعث تعجب ہے اگر یہہ کلیہ

صحیح ہو تو چاہیے کہ تشہد اور ربنا لک الحمد اور تسبیحات رکوع و سجود کا جہر اکہنا
مسنون ہو ہذا خلف وجہ الملازمۃ فی الصحیحین والموطا والترمذی وابن ماجہ وغیرہا
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قال الامام سمع اللہ لمن حمدہ
فقولوا اللھم ربنا لک الحمد الحدیث وفی الصحیحین وغیرھما عن ابن
مسعود انہ قال التفت الینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اذا صلی
احدکم فلیقل التحیات للہ الحدیث وفی ابی داؤد والترمذی وابن ماجہ
انہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا رکع احدکم فلیقل ثلث مراۃ سبحان ربی
العظیم وذلک ادناہ واذا سجد فلیقل سبحان ربی الاعلی وذلک ادناہ
اما بطلان التالی فلما فی الترمذی عن ابن مسعود من السنۃ ان یخفی
التشہد قال ابو عیسے العمل علیہ عند اہل العلم انتہی ولما اخرج
ابن ابی شیبہ عن ابن مسعود انہ کان یخفی بسم اللہ الرحمن الرحیم
والاستعاذہ وربنا لک الحمد انتہی پس امام بخاری سے عجب ہو کہ اس حدیث
کو جہر آمین پر دلیل لایا حالانکہ اُس کے خلاف پر نص قاطع ہے اس حدیث مین بعض
لوگون نے یہہ تاویل کی کہ جزا کا زمان بعد زمان شرط ہوتا ہے تو جب آنحضرت
نے تعلیق آمین مقتدیون کا امام کے ولا الضالین کہنے پر معلق کیا تو معلوم
ہوا کہ اسوقت وہ آمین کہین لہذا حضرت نے دوسری حدیث مین اسکا بیان
کردیا کہ وہ وقت امام کے آمین کہنے کا ہے اس تقریر مین چندے وجوہ
سے اعتراض ہین اول تو زمانہ جزا کا شرط سے بعد کبھی نہین ہوا بلکہ دونون
کا زمانہ ایک ہی از انکہ علۃ و معلول یا سبب و مسبب ہین اور اُن دونون کا زمانہ ایک

ہوتا ہے دیکھو کہ اہل عربیت کے مذہب پر نیز اتحاد زمانہ ہے کہ وہ کہتے ہین کہ
حکم جزا ہین ہے اور شرط بمنزلہ قید وحال ہے اور حال و ذوالحال کا زمانہ
ایک ہوتا ہے اور تقدم ذاتی مین ہمکو کلام نہین اور وہ یہان متصور نہین
ثانیاً آنکہ اگر یہی بات ہے تو حدیث اذا امن الامام فامنوا مین بھی اسی طرح
جاری ہوگا کہ وہان بھی بعدیت زمانی متحقق ہے تو وہان سے بھی یہہ عقد
حل نہ ہوا کہ مقتدی کس وقت بعد آمین امام کے آمین کہے ثالثاً آنکہ احادیث
تسمیع اور تشہد اور تسبیح مین کیا کہو گے کہ وہ ابہام واجمال وہان بھی موجود ہے
